سوال

(421)امام مسجد کے فرائض کیا ہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

امام مسجد کے فرائض کیا ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام کی دو حیثیتں ہیں۔ ایک مقتدیوں کی طرف سے یعنی جو کام اس کے سپرد ہوں۔ ان کا انجام دینا اس کا فرض ہے۔ اگر فرائض کی تصریح نہ ہو۔ تو امام لفظ سے یہی سمجھا جائے گا کہ نماز کا وقت پر پڑھانا اس کا فرض ہے۔ دوسری حیثیت اس کی نیابت رسول اللہ ﷺ ہے۔ یعنی اپنی قابلیت اور استعداد کے اندر اپنے مقتدیوں کو دین اور دنیا کی فلاح وبہبود کی رہنمائی کرتے رہنا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص601

محدث فتویٰ